Enriching the Lives of Children

The Balochistan Instructional Materials Development and Training Cell in Pakistan

Prepared by

Creative Associates International, Inc.
Washington, D.C.

Under contract to the United States Agency for International Development in collaboration with the Academy for Educational Development

The Primary Education Development (PED) Program was funded by the U.S. Agency for International Development (USAID) under contract No. 391-0497-C-00-0546-00.

"Enriching the Lives of Children" was written and produced by Creative Associates International, Inc.

The PED Program was implemented by a consortium headed by the Academy for Educational Development that included Creative Associates International, Inc., the Harvard Institute for International Development, and Florida State University.

July 1994

Prologue

A new way of developing, writing, testing, and producing primary-level student materials got underway in the Balochistan Province of Pakistan in the spring of 1993.

The Balochistan Instructional Materials Development and Training Cell (BIMDTC) was created as a result of recommendations made by members of the Primary Education Development (PED) Program, which was funded by the U.S. Agency for International Development (USAID) in conjunction with the provincial government of Balochistan.

For many reasons, BIMDTC serves as an excellent example of successful collaboration.

First, BIMDTC was created through the cooperative action of key provincial educational departments, with the support of federal-level authorities, who welcomed it as a catalyst for change.

Second, from the outset, BIMDTC recognized and incorporated the needs of teachers, students, administrators, and parents, and gently pulled together the elements of the existing education hierarchy to work harmoniously toward common objectives.

Third, BIMDTC provided a medium for dialogue between provincial teachers and administrators, and between federal and provincial authorities to discuss, undertake, and solve a variety of curricular and instructional-materials issues found within primary education in Pakistan.

Fourth, BIMDTC incorporated the principles of instructional materials design, along with concomitant skills in researching and developing, writing and producing, and testing and evaluating its activities.



The BIMDTC story is still unfolding. It has successfully met its initial production objectives. The account of how it got to this stage provides useful lessons to other educational authorities. For this reason, USAID has elected to share the story of the Balochistan effort — an effort that is enriching the lives of students throughout the province. ❑

Establishing BIMDTC

In early 1992, the PED Program technical advisor for Curriculum and Instructional Materials facilitated a series of meetings of key Balochistan education officials. The attendees concluded that, in order to significantly change teaching practices and advance education in the province, new primary-level textbooks had to be produced.

For a number of years, Pakistan had followed a classic method of textbook production: A recognized academic authority or a subject-specialist from the Balochistan Bureau of Curriculum and Extension was asked to write a textbook; the manuscript was edited and prepared by the Balochistan Textbook Board; and a local printing company was asked to produce, print, and distribute the textbooks throughout Balochistan.

The Balochistan officials recognized that a new method of developing instructional materials was needed to address a range of issues. These included:

- ✓ Teaching methods that would allow students to participate actively in the learning process.



- ✓ Textbooks that are designed to meet the single-teacher, multi-grade classroom realities of the province.
- ✓ Materials that would take into account the considerable age difference among students in each grade.
- ✓ Learning materials for Kindergarten, or Kachi, which was not officially recognized as a class level despite its prevalence.
- ✓ Quality textbooks with an effective life of more than the usual three-to-four months.

A major overhaul of existing materials and teaching methods was clearly needed. The question was, Who will undertake the task?

The organizations responsible for training and book development, namely, the Balochistan Textbook Board and the Bureau of Curriculum and Extension, have curricular and textbook

responsibilities from Class I through teacher training, not just primary education. Furthermore, they have limited staff and resources with which to operate. Neither organization was prepared nor equipped to devote a portion of their resources solely to address issues pertaining to primary education. Since the Balochistan Directorate of Education had already determined to bifurcate into primary school and secondary school directorates, it appeared possible and realistic to establish an IMDC unit within the newly formed Directorate of Primary Education. This new unit was called the Balochistan Instructional Materials Development and Training Cell (BIMDTC). It would be responsible for developing instructional materials for primary-level learning and teaching. Both the Balochistan Textbook Board and the Bureau of Curriculum and Extension offered critical and necessary support to this scheme. Hence, BIMDTC was established in the Directorate for Primary Education to function as a service link for all the educational agencies.

Once a complete plan for textbook reform was prepared, it was presented to federal officials for advice and support. The federal government offered its full support of the plan and went so far as to request that BIMDTC, in turn, coordinate an overall primary-level review of the Federal Curriculum documents.

With a reform plan approved and in place, and with the cooperative support of both provincial and federal officials, BIMDTC was on its way to improving the manner in which teaching and learning take place in Balochistan and, to a lesser extent, in Pakistan.



Starting Up

One of the immediate problems that BIMDTC had to resolve was the lack of federal government recognition of Kachi — despite the fact that, in some areas of Balochistan, Kachi students account for more than 25 percent of the entire primary school student enrollment. Furthermore, Kachi teachers lacked materials. To address this issue directly, the Government of Balochistan utilized their opportunity to review the Federal Curriculum guidelines as a forum to recommend that Kachi be recognized. The federal authorities accepted their recommendations and BIMDTC began preparing textbooks, teachers' guides, and other materials.

Another critical issue facing BIMDTC was what language or languages to use in the new textbooks. In 1989, the provincial government had issued directives that divided the province into designated mother-tongue regions. The provincial government required that texts be produced in each of the four main languages of Balochistan: Urdu, the national language of Pakistan; Brahvi; Balochi; and Pashto. However, by 1992, it had become apparent that this method of protecting mother-tongue languages was not conducive to effective teaching and learning in the province. Assisted by the Bureau of Curriculum and Extension, BIMDTC conducted a sur-

"BIMDTC is an excellent element that serves as a catalyst for change. Its real value will be realized as it becomes formally instituted in the entire school system."

Ijaz Ahmed Malik, Director of Primary Education, Balochistan

vey that revealed that parents of school children in the designated mother-tongue regions preferred that their children be taught in the national language so as to assure their children's success in higher grades and in the workplace. These findings were presented to the provincial government and in 1993 new directives were issued that recommended mother-tongue languages as "optional."

The provincial government approved a textbook reform schedule that called for BIMDTC to prepare new materials for two class levels each year, starting with Kachi and Class I. An initial core staff of four was soon expanded to fourteen, including support for four writing teams and a production staff drawn from the Bureau of Curriculum and Extension, the Directorate of Primary Education, and from primary school teachers throughout Balochistan.

BIMDTC chose as its first task to revise a set of pre-literacy materials based on a learning concept that had previously been introduced on a trial basis. Flash cards and game boards with pictures and letters to aid in teaching Urdu were developed, tested, revised, and produced for use in all Kachi classes in the province. This activity was used as a ready-made staff training opportunity for BIMDTC. The development of the Urdu Teaching Kits, as they became known, gave the staff an actual task in which to become proficient at testing, revising, and desktop publishing.

Desktop publishing facilities include state-of-the-art computers with large-screen monitors, page layout, drawing, word processing software programs (in Urdu and English), and laser scanning and printing equipment in both black-and-white and color. The goal of all BIMDTC undertakings is to provide necessary learning materials that are interesting and attractive to the student, and that facilitate and enhance teacher effectiveness.

How it Works

The new methodology introduced by BIMDTC is straightforward. As illustrated on page 10, (1) the task of writing the instructional materials is offered to male and female teachers — individuals who are the most familiar with the needs of the pupils; (2) BIMDTC introduces and supports a collaborative, team approach to writing; (3) the approach requires that each writing team test its initial draft in a school; (4) the team revises its draft after testing, with the support of illustrators and desktop publishing components; (5) the revised draft is again tested, this time by a school teacher at a pilot test site who is not involved in the writing process; (6) the draft is again revised to reflect the results of the second test; (7) the final copy is given to the illustration and desktop publishing staff who prepare camera-ready pages of the text; (8) printing services are procured competitively; and (9) the textbooks are distributed to pilot schools in rural and urban areas where their use is monitored and evaluated. BIMDTC will analyze the results at the pilot schools and make any necessary revisions before printing the textbooks for general distribution.

The changes that BIMDTC introduced in instructional materials development are vast and sweeping — rather

than charge the task of writing a primary textbook to a university scholar, the task is offered to individuals who know most about the learning skills and patterns of primary school children; rather than ask one individual to prepare the text, a small group is invited to join in a collaborative process that pulls together a range of teaching experience; rather than consider the first completed draft as final, the authors themselves field-test the materials to gain first-hand knowledge of their effectiveness and "teachability," then revise them again to ensure that the educational needs of the children are met.

The first implementation of this approach was met with enthusiasm and commitment. The preparation of Kachi and Class I materials demonstrated to all concerned that the process works.

Attention to quality plays a key role throughout the process established by BIMDTC. This is true not only in stages of writing and revising, but also in the actual production of the textbooks. As noted, the previous method had produced books with a life-expectancy of less than four months. Those books used inferior paper, binding, and printing standards. This meant that new printing and production standards had to be instituted.

The first step was to ensure that BIMDTC could supply printers with the highest quality camera-ready pages. The illustrators and desktop publishing specialists worked together





closely to ensure that the text was clear and attractive. Detailed book specifications and formal bidding documents were prepared and sent to all printers interested in competing for the contract.

Winning over printers who previously had been guaranteed a portion of all government contracts proved a delicate task. Initial requests for detailed bids and samples met with some resistance. However, over a period of time, printers began to understand the government's intent and commitment to the new procurement process. It was difficult for them to argue with a system that was based on quality and cost and that fostered healthy competition among printers. The result has been top-quality printing on quality paper for book covers and pages, and durable binding — all accomplished by local printers.

Epilogue

The establishment of the Balochistan Instructional Materials Development Cell has demonstrated benefits beyond textbook production.

- ✓ BIMDTC has developed into an organization that effectively coordinates and channels donor support for curriculum and instructional materials.
- ✓ Under the leadership of BIMDTC, a provincial Educational Testing Cell has been created to accommodate the requests of the National Education Assessment Program. This cell provides an accurate picture of the achievements of students that is based on the new teaching/learning methodologies.
- ✓ A growing reference library of primary school textbooks, teachers' guides, and related texts has been created.
- ✓ Communication is a priority. Staff exchange programs among provinces have been initiated, and a semi-annual BIMDTC newsletter has been launched.



However, the most important benefits cannot be measured statistically. These benefits can be seen in the positive attitude toward change that is generated by administrators, supervisors, subject specialists, and teachers. The benefits are observed in a commitment to quality — a commitment that surely is being reflected onto the school children of Balochistan. ❑

۱۔ تدریسی مواد کو لکھنے کا کام عورت اور مرد اساتذہ کے سپرد کیا جاتا ہے۔

(1)

Instructional materials are written by male and female teachers



۲۔ لکھنے کے مرحلے میں باہم اشتراک و تعاون کا ایک اجتماعی طریقہ اختیار کیا جاتا ہے۔

(2)

A collaborative, team approach is employed in the writing phase

۳۔ مصنف کسی سکول میں اپنے مسودوں کی آزمائش کرتے ہیں۔

(3)

The authors test their drafts in a school



۴۔ آزمائش کے بعد وہ مصوروں اور ڈیسک ٹاپ پبلشنگ کی مدد سے مسودے پر نظر ثانی کرتے ہیں۔

(4)

The draft is revised, with the supp illustrators and desktop publishing

۸۔ ایسی مسابقت کی بنیاد پر چھاپہ خانوں کی خدمات حاصل کی جاتی ہیں، جس میں کوالٹی اور کم تر اخراجات پر زور دیا جاتا ہے۔ اور پھر (9) (وسط میں) نصابی کتابوں کو دیہی اور شہری علاقوں کے پائیلٹ سکولوں میں تقسیم کر دیا جاتا ہے۔ جہاں ان کے استعمال کی نگرانی کی جاتی ہے اور ان کے موثر ہونے کا اندازہ لگایا جاتا ہے۔



(8)

Printing services are procured on a competitive basis that emphasizes quality and cost, and (9, center) the textbooks are distributed to pilot schools in rural and urban areas where their use is monitored and evaluated.

(9)

۷۔ مصور اور ڈیسک ٹاپ پبلشنگ کے عملے کے افراد کیمرہ ریڈی صفحات تیار کرتے ہیں۔

(7)

The illustrators and desktop publishing staff prepare camera-ready pages

۶۔ پہلی ٹیم مسودے پر اس مقصد سے دوبارہ نظر ثانی کرتی ہے کہ اس میں دوسری آزمائش کے نتائج کی عکاسی ہو سکے۔

(6)

The text is again revised to reflect the results of the second test

۵۔ نظر ثانی شدہ مسودے کی ایک بار پھر آزمائش کی جاتی ہے۔ اور اس بار یہ کام آزمائشی مرحلے کے لئے چنے ہوئے کسی پائیلٹ سکول میں کوئی ایسا ٹیچر کرتا ہے جو مسودہ لکھنے کے کام میں شامل نہیں تھا۔

(5)

The revised draft is again tested, this time by a school teacher who has not been involved in the writing of

بچّوں کی زندگی کو سنوارنا

دی ڈیولپمنٹ اینڈ امپلی مینٹیشن آف دی بلوچستان انسٹرکشنل میٹریلز
ڈیولپمنٹ اینڈ ٹریننگ سیل
پاکستان

ریاضی کے کرتب



راہنمائے اساتذہ

ابتدائی تعلیم کے ترقیاتی پروگرام کے لئے

امریکہ کی بین الاقوامی ترقیاتی ایجنسی (یو ایس ایڈ) نے رقم فراہم کی۔ "بچوں کی زندگی کو سنوارنا" کو کری ایٹو ایسوسی ایٹ انٹرنیشنل انکارپوریٹڈ نے لکھا اور پروڈیوس کیا۔ اکیڈمی آف ایجوکیشنل ڈولپمنٹ کے زیر قیادت ایک کنسورشئم نے اسے نافذ العمل کیا۔ اور جس میں کری ایٹو ایسوسی ایٹ انٹرنیشنل انکارپوریٹڈ، ہارورڈ انسٹی ٹیوٹ فار انٹرنیشنل ڈولپمنٹ اور فلوریڈا اسٹیٹ یونیورسٹی شامل ہیں۔

جولائی 1994

اِبتدائیہ

پاکستان کے صوبے بلوچستان میں یکم اپریل ۱۹۹۳ کو پرائمری کی سطح کے طلباء کیلئے نصابی کتابوں اور دوسرے تدریسی سامان کو تیار کرنے، لکھنے اور آزمانے اور پھر اس کی پروڈکشن کے ایک نئے طریقے کا آغاز ہوا

بلوچستان کے انسٹرکشنل میٹریلز ڈیولپمنٹ اینڈ ٹریننگ سیل یا بی آئی ایم ڈی ٹی سی کو ابتدائی تعلیم کے ترقیاتی پروگرام یا پی - ای - ڈی کے ارکان کی سفارش پر تشکیل دیا گیا تھا، جسے امریکہ کی بین الاقوامی ترقیاتی ایجنسی نے بلوچستان کی صوبائی حکومت کے ساتھ مل کر رقم فراہم کی تھی۔

مختلف وجوہات کے باعث، بی آئی ایم ڈی ٹی سی کامیاب اشتراک و تعاون کی ایک نہایت عمدہ مثال ہے۔

اول، بی آئی ایم ڈی ٹی سی کو ان وفاقی حکام کی حمایت سے، جنہوں نے تبدیلی کے ایک آلہ کار کے طور پر اس کا خیر مقدم کیا تھا، صوبے کے کلیدی تعلیمی محکموں کے تعاون سے تشکیل دیا گیا۔

دوئم، بی آئی ایم ڈی سی ٹی نے شروع ہی سے اساتذہ، طلباء، انتظامیہ کے لوگوں اور والدین کی ضرورتوں کو تسلیم کیا اور انہیں شامل حال کیا اور مشترکہ مقاصد کے حصول کیلئے ہم آہنگی کے ساتھ کام کرنے کی خاطر موجودہ تعلیمی ڈھانچے کے عناصر کو خوش اسلوبی سے اپنے ساتھ شامل کر لیا۔

سوئم، بی آئی ایم ڈی ٹی سی نے نصاب اور تدریسی مواد کے ان مختلف النوع مسائل پر غور کرنے، ان سے نمٹنے اور انہیں حل کرنے کیلئے، جو پاکستان میں ابتدائی تعلیم میں پائے جاتے ہیں، صوبائی اساتذہ اور انتظامیہ کے لوگوں کے درمیان اور وفاقی اور صوبائی حکام کے درمیان مکالمے کا ایک وسیلہ فراہم کیا۔

چہارم، بی آئی ایم ڈی ٹی سی اپنی تمام سرگرمیوں میں تدریسی مواد کے ڈیزائن کے اصولوں کو تحقیق اور ابتدائی تیاری، تحریر اور پروڈکشن اور آزمائش اور قدر پیمائی کی بیک وقت موجود مہارتوں کے ساتھ یک جا کرتا ہے۔

بی آئی ایم ڈی ٹی سی کی کامیابیاں ابھی پوری طرح سامنے نہیں آئی ہیں - اس نے پروڈکشن کے ابتدائی مقاصد کو کامیابی سے پورا کر لیا ہے - وہ اس مرحلے تک کس طرح پہنچا؟ اس کا احوال، تعلیمی شعبے کے دوسرے حکام کو کئی مفید سبق فراہم کرتا ہے - یہی وجہ ہے کہ یو ایس اے آئی ڈی (امریکہ کی بین الاقوامی ترقیاتی ایجنسی) نے، جس نے بی آئی ایم ڈی ٹی سی کو تیکنیکی امداد فراہم کی تھی، بلوچستان میں جاری اس کوشش سے آپ کو آگاہ کرنے کا فیصلہ کیا - یہ وہ کوشش ہے جو صوبے کے طول عرض میں بچوں کی زندگیوں کو سنوار رہی ہے۔

بی آئی ایم ڈی ٹی سی کا قیام

1991 کے اوائل میں پرائمری تعلیم کے ترقیاتی پروگرام یا پی ای ڈی کے نصاب اور تدریسی مواد کے تیکنیکی مشیر نے بلوچستان کے تعلیمی شعبے کے کلیدی حکام کے ساتھ کئی اجلاس منعقد کئے۔ شرکاء اس نتیجے پر پہنچے کہ تدریسی طریقوں میں نمایاں تبدیلی لانے اور صوبے میں تعلیم کو فروغ دینے کے لئے پرائمری کی سطح پر لازماً نئی کتابیں تیار کرنا ہونگی۔

پاکستان، نصابی کتابوں کی پروڈکشن کیلئے برسوں سے ایک روائتی طریقے کی پیروی کرتا رہا ہے۔ یعنی علمی حلقے کی کسی مستند شخصیت یا بلوچستان کے نصاب اور توسیع کے بیورو میں کسی خاص مضمون کے کسی ماہر سے درخواست کی جاتی کہ وہ ایک نصابی کتاب لکھ دے پھر بلوچستان کا ٹیکسٹ بک بورڈ مسودے کی تدوین اور تیاری کا کام کرتا۔ اس کے بعد طباعت کی کسی مقامی کمپنی سے کہا جاتا کہ وہ نصابی کتابوں کو چھاپ کر پورے بلوچستان میں تقسیم کردے۔

بلوچستان کے حکام نے یہ تسلیم کیا کہ تدریسی مواد کو تیار کرنے کے ایک ایسے نئے طریقے کی ضرورت ہے جو ان مختلف مسائل کو حل کر سکے:

○ پڑھانے کے ایسے طریقے، جن میں طلباء کو اکتسابی عمل میں سرگرمی کے ساتھ شریک ہونے کا موقع ملے۔



○ ایسی نصابی کتابیں، جو کئی درجوں پر مشتمل کلاس روم میں واحد ٹیچر کی اس صورت حال کے تقاضوں کو پورا کرتی ہوں جو صوبے کی ایک حقیقت ہے۔

○ ایسا تدریسی مواد، جس میں ہر درجے کے طلباء کے درمیان عمر کے نمایاں فرق کو مدنظر رکھا گیا ہو۔

○ اس کچی جماعت کیلئے تعلیمی سامان، جو اگرچہ مروج ہے، لیکن جسے ایک درجے کی سطح کی حیثیت سے سرکاری طور پر تسلیم نہیں کیا جاتا۔

○ اعلیٰ کوالٹی کی نصابی درسی کتابیں، جن کی پر اثر مدت استعمال معمول کے تین سے چار ماہ کے عرصہ سے زیادہ ہو۔

موجودہ تدریسی مواد اور پڑھانے کے طریقوں میں وسیع ردو بدل کی ضرورت تھی۔ لیکن سوال یہ تھا کہ کون یہ کام کرے۔

درسی کتب کی تیاری اور اساتذہ کی تربیت کی ذمے دار موجودہ تنظیمیں، یعنی بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ اور نصاب تعلیم اور توسیع کا بیورو، صرف پرائمری ہی نہیں بلکہ تعلیم کی تمام سطحوں کیلئے نصاب اور درسی

کتابوں کا ذمہ دار تھا - مزید براں ، ان تنظیموں کے پاس اس کام کو کرنے کیلئے کافی عملہ اور وسائل نہیں تھے - ان میں سے کوئی بھی تنظیم، صرف پرائمری تعلیم سے متعلق مسائل کو حل کرنے کیلئے اپنے وسائل کا کوئی حصہ وقف کرنے کو تیار نہیں تھی - چونکہ بلوچستان ڈائریکٹریٹ آف ایجوکیشن نے پہلے ہی پرائمری سکول اور ثانوی سکول کی نظامتوں کو الگ الگ کرنے کا فیصلہ کر لیا تھا، اس لئے پرائمری تعلیم کے نو تشکیل شدہ ڈویژن کے اندر بی آئی ایم ڈی سی کا قیام عملاً ممکن ہوگیا - اس نئے یونٹ کو Balochistan Instructional Materials Development and Training Cell یا بی آئی ایم ڈی ٹی سی کا نام دیا گیا - جسے پرائمری کی سطح پر حصول تعلیم اور تدریس کیلئے تدریسی مواد کی تیاری کی ذمے داری سنبھالنا تھی - بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ اور نصاب اور توسیع کے بیورو - - دونوں نے اس منصوبے کے لئے انتہائی اہم اور ضروری امداد فراہم کرنے کی پیش کش کی - لہذا پرائمری تعلیم کے ڈائریکٹریٹ میں بی آئی ایم ڈی ٹی سی کا قیام عمل میں آیا، جسے تمام تعلیمی اداروں کے لئے رابطے کی ایک سروس کے طور پر کام کرنا تھا -

جب نصابی کتب میں اصلاحات کا ایک مکمل منصوبہ تیار ہوگیا تو صلاح و مشورے اور اس کی تائید کے

بلوچستان انسٹرکشنل میٹریلز ڈویلپمنٹ سیل ایک بہترین عنصر ہے ۔ اسے سکولوں کے پورے نظام میں باضابطہ طور پر ایک مستقل ادارے کی حیثیت حاصل ہونے کے بعد ہی اس کی اصل اہمیت پوری طرح اجاگر ہوگی ۔

اعجاز ملک
ڈائریکٹر پرائمری ایجوکیشن

حصول کے لئے اسے وفاقی حکام کو پیش کر دیا گیا ۔ وفاقی حکومت نے نہ صرف اس منصوبے کی بھرپور حمایت کی ، بلکہ اس سے بھی بڑھ کر اس نے بی آئی ایم ڈی ٹی سی سے درخواست کی کہ وہ اس کے ساتھ مل کر پرائمری کی سطح پر نصابی کتب سے متعلق وفاقی دستاویزات پر مجموعی نظر ثانی کرے ۔ اصلاحات کے ایک منظور شدہ اور تیار منصوبے کے ساتھ ، جسے صوبائی اور وفاقی حکام ، دونوں کی حمایت حاصل تھی ، بی آئی ایم ڈی ٹی سی بلوچستان میں تعلیم و تدریس کے طریقوں کو بہتر بنانے کی راہ پر گامزن ہوا ۔

آغاز کار

بی آئی ایم ڈی ٹی سی کو فوری طور پر جن مسائل کا سامنا تھا ، ان میں سے ایک یہ حقیقت تھی کہ وفاقی حکومت نے کچی جماعت کو سرکاری طور پر تسلیم نہیں کیا تھا ۔ جبکہ حقیقت یہ ہے کہ بلوچستان کے بعض علاقوں میں کچی جماعت کے طلباء کی تعداد ، پرائمری سکولوں میں داخل تمام طلباء کی پچیس فیصد تعداد سے زیادہ ہے ۔ اس کے علاوہ ، کچی کے اساتذہ کے پاس تدریسی مواد کا فقدان تھا ۔ اس مسئلے سے براہ راست نمٹنے کے لئے بلوچستان کے حکام نے کچی جماعت کو تسلیم کرنے کی سفارش کرنے کے مقصد سے ، ایک پلیٹ فارم کے طور پر نصاب سے متعلق وفاقی راہنما خطوط پر نظر ثانی کرنے کے موقع سے فائدہ اٹھایا ۔ وفاقی حکام نے ان کی سفارشات کو تسلیم کر لیا اور بی آئی ایم ڈی ٹی سی نے کچی جماعت کیلئے نصابی کتب ، اساتذہ کے گائیڈ اور دوسرا تدریسی مواد تیار کرنا شروع کر دیا ۔

ایک اور نازک مسئلہ ، جس کا بی آئی ایم ڈی ٹی سی کو سامنا تھا ، یہ تھا کہ نئی نصابی کتابوں میں کونسی زبان یا زبانیں استعمال کی جائیں ۔ 1989 میں صوبائی حکومت نے وہ ہدایات جاری کی تھیں جن کے تحت صوبے کو مادری زبان کے لحاظ سے مخصوص علاقوں میں تقسیم کر دیا گیا تھا ۔ صوبائی حکومت کا حکم تھا کہ نصابی کتابیں بلوچستان کی چاروں بڑی زبانوں میں تیار کی جائیں ۔ یعنی اردو (پاکستان کی قومی زبان) ، بروہی ، بلوچی اور پشتو ۔ تاہم 1992 میں یہ بات عیاں ہو گئی کہ مادری زبان کو تحفظ فراہم کرنے کا یہ طریقہ ، صوبے میں موثر تعلیم و تدریس کیلئے مفید نہیں ہے ۔ بی آئی ایم ڈی ٹی سی نے نصاب اور توسیع کے بیورو کے تعاون سے ایک سروے کیا ۔ جس سے پتہ چلا کہ بیشتر اساتذہ ، اس زبان کو پڑھ یا لکھ نہیں سکتے تھے ، جو ان کے اسکول کیلئے مختص کی گئی تھی ۔ سروے سے یہ بھی پتہ چلا کہ مادری زبان کے مخصوص علاقوں میں سکولوں

کے بچوں کے والدین اس بات کو ترجیح دیتے تھے کہ ان کے بچوں کو قومی زبان میں تعلیم دی جائے تاکہ تعلیم کے اعلیٰ درجوں میں اور پھر ملازمت یا کاروبار میں ان کی کامیابی کو یقینی بنایا جاسکے ۔ سروے کے یہ نتائج وفاقی حکومت کو پیش کر دئے گئے ۔ اور 1993 میں نئی ہدایات جاری کردی گئیں جن میں مادری زبان کے "اختیاری" ہونے کی سفارش کی گئی ۔

صوبائی حکومت نے نصابی کتب میں اصلاحات کے ایک نظام الاوقات کی منظوری دی ۔ جس میں بی آئی ایم ڈی ٹی سی سے کہا گیا کہ وہ کچی اور پہلی جماعت سے آغاز کرتے ہوئے ہر سال دو جماعتوں کیلئے نیا درسی مواد تیار کرے ۔ شروع میں چار افراد پر مشتمل جو انتہائی ضروری عملہ تھا، اس میں جلد ہی چودہ افراد تک توسیع کردی گئی ۔ اور اسے نصاب اور توسیع کے بیورو ، ڈائریکٹریٹ آف پرائمری ایجوکیشن اور پورے بلوچستان میں پرائمری سکولوں کے اساتذہ کی فراہم کردہ چار ایسی ٹیموں کی مدد بھی حاصل تھی، جن کا کام لکھنا تھا۔

بی آئی ایم ڈی ٹی سی نے اپنے اولین فریضے کے طور پر قبل از خواندگی تدریسی مواد کے ایک ایسے سیٹ پر نظر ثانی کا کام چنا جس کی بنیاد سیکھنے کے اس تصور پر رکھی گئی تھی جسے پہلے آزمائشی طور پر رائج کیا جا چکا تھا ۔ اردو پڑھانے میں مدد کیلئے فلیش کارڈ اور تصویروں اور حروف کی حامل کھیلوں کے تختے تیار کئے گئے ، ان کی آزمائش کی گئی اور پھر پورے صوبے میں تمام کچی جماعتوں میں استعمال کیلئے انہیں بڑے پیمانے پر بنایا گیا ۔ اس سرگرمی کو بی آئی ایم ڈی ٹی سی کے اندر کام کے ساتھ ساتھ عملے کی تربیت کے ایک اچھے موقعے کے طور پر استعمال کیا گیا ۔ اردو ٹیچنگ کٹ کی تیاری نے -- جو بعد میں اسی نام سے معروف ہوئی -- اساتذہ کو عملاً وہ کام فراہم کر دیا، جس کے ذریعے وہ اپنی میز پر کمپیوٹر استعمال کرتے ہوئے تدریسی مواد کی آزمائش ، اس پر نظر ثانی اور اشاعت میں مہارت حاصل کر سکتے تھے ۔



بی آئی ایم ڈی ٹی سی کی ڈیسک ٹاپ پبلشنگ کی فراہم کردہ سہولتوں میں صفحات کی ترتیب و تدوین یا خاکہ اور انگریزی اور اردو ۔۔ دونوں میں ورڈ پراسسنگ کے سافٹ وئیر پروگراموں اور لیزر سکیننگ کے ساتھ بڑی مانیٹر سکرین والے انتہائی جدید کمپیوٹر اور سادہ اور رنگین ، دونوں قسم کی طباعت کی مشینیں شامل ہیں ۔ بی آئی ایم ڈی ٹی سی کے تمام منصوبوں کا مقصد، حصول علم کیلئے ایسا ضروری سامان فراہم کرنا ہے جو طلباء کیلئے دلچسپ اور پرکشش ہو اور جو استاد کے موثر ہونے میں مددگار ہو اور اسے زیادہ موثر بناتا ہو ۔

بی آئی ایم ڈی ٹی سی کا رائج کردہ نیا طریقہ کار بالکل صاف اور سیدھا ہے ۔ جیسا کہ صفحہ 10 پر تصویروں میں دکھایا گیا ہے ، (۱) تدریسی مواد کو لکھنے کی ذمے دار ایک عورت اور ایک مرد ٹیچر کے سپرد کی جاتی ہے ۔ یہ وہ افراد ہیں جو شاگردوں کی ضروریات سے سب سے زیادہ واقف ہیں ۔ (۲) لکھنے کے مرحلے میں بی آئی ایم ڈی ٹی سی اشتراک و تعاون کا ایک اجتماعی طریقہ فراہم کرتا ہے اور اس کی مدد کرتا ہے ۔ (۳) یہ طریقہ اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ مصنفوں کی ٹیمیں اپنے ابتدائی مسودوں کو کسی سکول میں آزمائیں ۔ (۴) آزمائش کے بعد وہی ٹیم ، مصوروں اور ڈیسک ٹاپ



پبلشنگ کے شعبے کی مدد سے مسودے پر نظر ثانی کرتی ہے ۔ (۵) نظر ثانی شدہ مسودے کی ایک بار پھر آزمائش کی جاتی ہے ۔ اور اس بار یہ کام ، آزمائش کیلئے منتخب کسی پائیلٹ سکول میں کوئی ایسا ٹیچر کرتا ہے جو مسودہ لکھنے میں شامل نہ رہا ہو ۔ (٦) ٹیم متن پر اس مقصد سے دوبارہ نظر ثانی کرتی ہے کہ اس میں دوسری آزمائش کے نتائج کی عکاسی ہو سکے ۔ (۷) حتمی کاپی ، مصور اور ڈیسک ٹاپ پبلشنگ کے عملے کو دے دی جاتی ہے جو متن کے کیمرہ ریڈی صفحات تیار کرتا ہے ۔ (۸) طباعت کی خدمات مسابقت کی بنیاد پر حاصل کی جاتی ہیں اور (۹) نصابی کتابیں دیہی اور شہری علاقوں کے ان پائیلٹ سکولوں میں تقسیم کر دی جاتی ہیں جہاں ان کے استعمال کی نگرانی کی جاتی ہے اور ان کی افادیت کا اندازہ لگایا جاتا ہے ۔ بی آئی ایم ڈی ٹی سی ، پائیلٹ سکولوں کے نتائج کا تجزیہ کرتا ہے اور عام تقسیم کے لئے نصابی کتابوں کی دوبارہ چھپائی سے پہلے اگر کہیں ضروری ہو تو ان پر نظر ثانی کرتا ہے ۔

یہ نظام کیسے کام کرتا ہے

بی آئی ایم ڈی ٹی سی نے تدریسی مواد کی تیاری میں جو تبدیلیاں رائج کی ہیں ، وہ بہت وسیع اور انقلابی ہیں ۔۔ پرائمری کی کسی نصابی کتاب کو لکھنے کا فریضہ یونیورسٹی کے کسی عالم فاضل کو تفویض کرنے کی بجائے ، اس کام کی پیش کش ان افراد کو کی جاتی ہے جو پرائمری سکول کے بچوں کی سیکھنے کی صلاحیتوں اور ان کے مخصوص انداز کے بارے میں سب سے زیادہ جانتے ہیں ، کسی ایک فرد سے متن تیار کرنے کی درخواست کرنے کی بجائے ایک چھوٹے گروپ کو اشتراک و تعاون کے ایک ایسے عمل میں شریک ہونے کی دعوت دی جاتی ہے جس میں مختلف شعبوں میں وسیع تدریسی تجربات یکجا ہوتے ہیں ، پہلے مکمل مسودے کو حتمی قرار دینے کی بجائے مصنفین خود مسودوں کی عملی آزمائش کرتے ہیں اور ان کے " قابل تدریس " ہونے کے بارے میں براہ راست آگاہی حاصل کرتے ہیں ۔ پھر وہ ان پر دوبارہ نظر ثانی کرتے ہیں اور اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ ان سے بچوں کی تعلیمی ضروریات پوری ہوں ۔

اس طریقہ کار کو جب پہلی بار نافذ کیا گیا تو اس کا جوش و خروش اور خلوص و وابستگی کے ساتھ خیر مقدم کیا گیا ۔ کچی اور پہلی جماعت کیلئے تدریسی مواد کی تیاری سے تمام متعلقہ لوگوں پر عیاں ہو گیا کہ یہ طریقہ کارگر ہے ۔

بی آئی ایم ڈی ٹی سی نے جو طریقہ کار رائج کیا ہے اس میں شروع سے آخر تک کوالٹی پر دی جانے والی توجہ نے ایک کلیدی کردار ادا کیا ہے - یہ بات نہ صرف مسودہ لکھنے اور نظر ثانی کے مراحل پر بلکہ نصابی کتابوں کی حقیقی پروڈکشن پر بھی صادق آتی ہے - جیسا کہ اس سے پہلے نشان دہی کی جا چکی ہے، پرانے طریقے سے جو کتابیں تیار کی جاتی تھیں، ان کی متوقع زندگی چار ماہ سے کم ہوتی تھی - ان کتابوں میں گھٹیا کاغذ اور جلد بندی اور چھپائی کے ناقص معیار استعمال کئے جاتے تھے - اس کا مطلب یہ تھا کہ طباعت اور پروڈکشن کے نئے معیاروں کا قیام ضروری تھا -

پہلے قدم کے طور پر اس بات کو یقینی بنانا تھا کہ بی آئی ایم ڈی ٹی سی، چھاپہ خانوں کو ممکنہ حد تک انتہائی اعلیٰ کوالٹی کے کیمرہ ریڈی صفحات فراہم کر سکے - اس چیز کی ضمانت حاصل کرنے کے لئے کہ صفحات واضح اور پرکشش ہوں، مصوروں اور ڈیسک ٹاپ پبلشنگ کے ماہرین نے مل کر محنت کی - کتاب سے متعلق مفصل خصوصیات اور باضابطہ ٹینڈر کی دستاویزات تیار کی گئیں اور پھر انہیں ان تمام چھاپہ خانوں کو بھیج دیا گیا جنہیں طباعت کا ٹھیکہ حاصل کرنے کے لئے اس مسابقت سے دلچسپی تھی -

کوالٹی کا کام

ان طباعتی کمپنیوں کو راضی کر لینا ایک نازک کام تھا، جنہیں ماضی میں حکومت کے تمام ٹھیکوں میں گارنٹی کے ساتھ حصہ ملتا رہا تھا - شروع میں تفصیلی ٹینڈروں اور نمونوں کیلئے جو درخواستیں کی گئیں انہیں قدرے مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا - تاہم وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ طباعتی کمپنیوں نے حکومت کے اغراض و مقاصد اور سرکاری ٹھیکوں کے نئے طریقہ کار سے اس کی پر عزم وابستگی کو سمجھنا شروع کر دیا - ان کیلئے کسی ایسے نظام کے بارے میں جت کرنا مشکل تھا، جس کی بنیاد کوالٹی اور کم تر اخراجات پر ہو اور جو طباعتی کمپنیوں کے درمیان صحت مند مقابلے کو پروان چڑھاتا ہو - اس کا نتیجہ، کتابوں کے کور اور صفحات کیلئے نہایت عمدہ کاغذ پر اعلیٰ کوالٹی کی چھپائی اور دیرپا جلد بندی کی صورت میں سامنے آیا -- اور یہ سارا کارنامہ مقامی چھاپہ خانوں نے انجام دیا -

اختتامیہ

بلوچستان انسٹرکشنل میٹریلز ڈیولپمنٹ سیل کے قیام نے نصابی کتابوں کی پروڈکشن کے علاوہ، کہیں زیادہ فوائد کا مظاہرہ کیا ہے۔

○ بی آئی ایم ڈی ٹی سی نے ایک ایسی تنظیم کی شکل اختیار کر لی ہے جو نصاب اور تدریسی مواد کیلئے عطیات دینے والوں کی امداد کو مربوط اور مختلف مدوں کیلئے مخصوص کرتی ہے۔

○ بی آئی ایم ڈی ٹی سی کے زیر قیادت نیشنل ایجوکیشن اسسمنٹ پروگرام کی درخواستوں سے نمٹنے کیلئے ایک صوبائی ایجوکیشنل ٹیسٹنگ سیل تشکیل دیا گیا ہے۔ یہ سیل، تدریس اور حصول تعلیم کے نئے طریقہ ہائے کار کی بنیاد پر طلباء کی کامیابیوں کی ایک بالکل صحیح تصویر فراہم کرتا ہے۔

○ پرائمری سکول کی نصابی کتابوں، اساتذہ کیلئے راہنما کتابوں اور متعلقہ نصابوں کے بارے میں حوالے کی کتابوں کی ایک توسیع پذیر لائبریری قائم کر دی گئی ہے۔

○ مواصلات ایک ترجیحی معاملہ ہے اور صوبوں کے درمیان تبادلے کے پروگراموں کا آغاز ہو چکا ہے۔ اور بی آئی ایم ڈی ٹی سی کے ایک ششماہی خبر نامے کی اشاعت شروع ہو گئی ہے۔

تاہم سب سے زیادہ اہم فوائد کو اعداد و شمار کے پیمانے سے نہیں ناپا جا سکتا۔ ان فوائد کو تبدیلی کے بارے میں ان مثبت رویوں میں دیکھا جا سکتا ہے جو انتظامیہ کے لوگوں، سپروائیزروں، مختلف مضامین کے ماہرین اور اساتذہ نے اختیار کئے ہیں۔ ان فوائد کا مشاہدہ، کوالٹی کے ساتھ پر خلوص وابستگی میں کیا جا سکتا ہے۔ ایک ایسی وابستگی، جس کی عکاسی یقینی طور پر بلوچستان کے سکولوں کے بچوں میں ہو رہی ہے۔

۱۔ تدریسی مواد کو لکھنے کا کام عورت اور مرد اساتذہ کے سپرد کیا جاتا ہے۔

(1)

Instructional materials are written by male and female teachers



۲۔ لکھنے کے مرحلے میں باہم اشتراک و تعاون کا ایک اجتماعی طریقہ اختیار کیا جاتا ہے۔

(2)

A collaborative, team approach is employed in the writing phase

۳۔ مصنف کسی سکول میں اپنے مسودوں کی آزمائش کرتے ہیں۔

(3)

The authors test their drafts in a school

۴۔ آزمائش کے بعد وہ مصوروں اور ڈیسک ٹاپ پبلشنگ کی مدد سے مسودے پر نظر ثانی کرتے ہیں۔

(4)

The draft is revised, with the suppor illustrators and desktop publishing



۸ ۔ ایسی مسابقت کی بنیاد پر چھاپہ خانوں کی خدمات حاصل کی جاتی ہیں، جس میں کوالٹی اور کم تر اخراجات پر زور دیا جاتا ہے ۔ اور پھر(9) (وسط میں) نصابی کتابوں کو دیہی اور شہری علاقوں کے پائیلٹ سکولوں میں تقسیم کر دیا جاتا ہے ۔ جہاں ان کے استعمال کی نگرانی کی جاتی ہے اور ان کے موثر ہونے کا اندازہ لگایا جاتا ہے ۔

(8)

Printing services are procured on a competitive basis that emphasizes quality and cost, and (9, center) the textbooks are distributed to pilot schools in rural and urban areas where their use is monitored and evaluated.

(9)

۷ ۔ مصور اور ڈیسک ٹاپ پبلشنگ کے عملے کے افراد کیمرہ ریڈی صفحات تیار کرتے ہیں ۔

(7)

The illustrators and desktop publishing staff prepare camera-ready pages

۶ ۔ پہلی ٹیم مسودے پر اس مقصد سے دوبارہ نظر ثانی کرتی ہے، کہ اس میں دوسری آزمائش کے نتائج کی عکاسی ہو سکے ۔

(6)

The text is again revised to reflect the results of the second test

۵ ۔ نظر ثانی شدہ مسودے کی ایک بار پھر آزمائش کی جاتی ہے ۔ اور اس بار یہ کام آزمائشی مرحلے کے لئے چنے ہوئے کسی پائیلٹ سکول میں کوئی ایسا ٹیچر کرتا ہے، جو مسودہ لکھنے کے کام میں شامل نہیں تھا ۔

(5)

The revised draft is again tested, this time by a school teacher who has not been involved in the writing

of